درج ذیل ترکیب کو غور سے پڑھکر عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ اولاد سے بہرہ ور ہوں گے۔

جس دن عورت ایام ماہواری سے فارغ ہوکر غسل کرے اسی دن یا دوسرے دن شوہر ایک خرما لاکر اس پر سورۂ مزمل شریف گیارہ مرتبہ دم کرکے رکھ لے۔ اور عورت پردہ کے بند مکان میں بسم اللہ کہکر کپڑے اتار کر بالکل برہنہ نہائے اور پہلے سے ایک لڑکا تین چار سال کا دایہ الگ گوشے میں بٹھا رکھے اور تھوڑا سا قند سیاہ (گڑ) اپنے پاس

رکھے بعد غسل لڑکے کو بلا کر گرا دے اور شوہر کو بلا کر اس کا مونھ دیکھے مگر اس وقت جماع نہ کریں پھر..... نقش الف[1] موم جامہ کرکے ناف پر باندھیں۔ اس کے بعد ب[2] پانی میں گھولکر پی لے پھر تعویذ جس پر ج[3] لکھا ہے موم جامہ کرکے زیر ناف پیڑو پر باندھ لے پھر نقش جس پر د[4] لکھا ہے پانی میں گھول کر پی لے پھر نقش جس پر ہ[5] لکھا ہے خاص بچہ دان پر باندھے پھر دعا جو اوپر مذکور ہے جس کی ابتداء پر ح لکھی ہے پی لے پھر دُعا جس پر و[6] ہے گھول کر پی لے یہ سب کام اسی جلسہ میں کرے پھر رات کو شوہر وہ خرما عورت کو کھلائے پھر دونوں سات سات بار یامصور کہیں اور اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں اور صحبت میں مشغول ہوں دوسرے دن علی الصباح قبل نماز دونوں غسل کریں اور عورت بعدِ غسل نقش د[4] گھول کر پی لے اس کے بعد دعا جس پر ز[7] لکھا ہے گھول کر پی جائے اور پھر شب کو یامصور بدستور سابق کہکر مشغول ہوں تیسرے دن قبل نماز غسل کریں اور عورت بعد غسل بدستور د[4] گھول کر پی لے اور اس کے بعد دعا ح[8] گھول کر پی لے اور شب کو بدستور یامصور کہکر ہمبستر ہوں تینوں دن قبل نماز غسل کریں اگر ان تین دنوں میں کامیابی ہو فبہا ورنہ دوسرے مہینہ بعد فراغ ایام ایسا ہی کریں اس طرح جبتک کامیابی نہ ہو ہر ماہ کریں۔ اور اگر ایام کی خرابی ہو تو پہلے علاج کرائیں۔ بعد صحت یہ عمل کریں۔ اس سلسلہ میں شربت دینار اور سپر اکسیس کی گولیاں بیحد مفید اور بارہا کا مجرب نسخہ ہے اور سینکڑوں عورتیں اس سے کامیاب ہوئی ہیں بفضل خدا۔

نقوش و دعائیں ترتیب سے درج ذیل ہیں۔

۱ — ۷۸۶ — الف

یامصوّ	یامصوّ	یامصوّ	یامصوّ
یامصوّ	یامصوّ	یامصوّ	یامصوّ
یامصوّ	یامصوّ	یامصوّ	یامصوّ
یامصوّ	یامصوّ	یامصوّ	یامصوّ

ب ۲ — ۷۸۶ — ۳ ج

۱	۴۳۰۵	۴۳۰۱	۸
۴۳۰۲	۷	۲	۴۳۰۴
۶	۴۲۹۹	۴۳۰۷	۳
۴۳۰۶	۴	۵	۴۳۰۰

۴ د — ۷۸۶ — ۵ ہ

۱	۳۳	۳۰	۸
۳۱	۷	۲	۳۲
۶	۲۸	۳۵	۳
۳۴	۴	۵	۲۹

روز اول ؔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو عالم الغیب والشھادۃ ھو الرحمٰن الرحیم رب ابراھیم وموسیٰ وعیسیٰ علیھم السلام۔

روز دوم ؔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو الملک القدوس السلٰم المؤمن المھیمن العزیز الجبار المتکبر، سبحان اللہ عما یشرکون، رب ابراھیم واسمٰعیل واسحٰق ویعقوب علیھم السلام۔

روز سوم ؔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ھو اللہ الخالق الباری المصور لہ الاسماء الحسنیٰ، یسبح لہ ما فی السمٰوات والارض وھو العزیز الحکیم، رب محمد وموسیٰ وعیسیٰ صلوات اللہ وسلامہ علیھم اجمعین۔

(۱۷۹) برائے زن عقیمہ:۔ آیت کریمہ او کظلمٰت فی بحر لجی یغشٰہ موج من فوقہ موج من فوقہ سحاب، ظلمٰت بعضھا فوق بعض، اذا اخرج یدہ لم یکد یراھا، ومن لم یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور۔ کو لونگوں پر سات سات بار پڑھ کر ۲۱ عورت کو دے کہ وہ غسل حیض کے بعد ایک ایک ہر روز کھا لیا کرے اور اثنائے چلہ میں شوہر کے ساتھ ہم بستر ہو انشاء اللہ تعالیٰ حاملہ ہو شرط یہ ہے کہ رات کو کھائے پھر اس پر پانی نہ پیئے۔

دیگر:۔ یہ نقش لکھ کر بازو عورت کو دے کہ بعد طہر باندھ لے اور تین رات شوہر کے ساتھ ہم بستر ہو اس کے بعد کھول کر رکھ دے پھر دوسرے اور تیسرے طہر میں ایسا ہی کرے نہایت دس طہر ہے بفضل خدا ضرور بار آور ہوگی۔

۷۸۶

۳	۸	۱
۲	۴	۶
۷	یا متکفیل	۵

(۱۸۱) عمل برائے قرار وحفاظت حمل از اسقاط۔ از میاں صاحب قبلہ قدس سرہ

۲۱، تار سیاہ تاگا کچا لے کر جو عورت کی پیشانی سے لیکر پیر کے انگوٹھے کے برابر کا ہو اول و آخر درود تنجینا تین تین مرتبہ اور سورۂ قریش ۳-۳ مرتبہ پڑھ کر گیارہ گرہ دے اور ایک چلہ سے تین چلہ تک عورت کمر پر بعد طہارت اس طرح باندھے کہ گرہ سامنے رہے اور نقوش استقرار حمل گلے میں باندھے یا ناف کے نیچے اور گیارہ روپئے صاحب عمل ۔۔۔ کر ایک تہائی پر فاتحہ بنام چہار انبیاء کرام علیہم السلام پڑھکر تقسیم کرے مقصد پورا ہوگا۔

(۱۸۲) جس کے لڑکیاں ہی ہوتی ہوں وہ اولاد نرینہ چاہے تو حمل تین ماہ کامل ہونے سے قبل ہی ان آیات کو ہرن کی جھلی پر گلاب و زعفران سے لکھیں اور گلے میں اس طرح ڈالیں کہ ناف کے نیچے رہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللہ یعلم ما تحمل کل انثی وما تغیض الارحام وما تزداد وکل شیء عندہ بمقدار علم الغیب والشہادۃ الکبیر المتعال ٭ یا زکریا انا نبشرک بغلام اسمہ یحیی لم نجعل لہ من قبل سمیا (پھر لکھیں) بحق مریم وعیسیٰ ابنا صالحا طویل العمر بحق محمد وآلہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی سائر انبیائہ وبارک وسلم۔

(۱۸۳) برائے تولد فرزند۔ ایک طرف یہ دعا اور دوسری جانب عورت کا نام لکھ کر عورت کے گلے میں پہنائیں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم خالق النفس من النفس المطمئنۃ یا من وھب لداود سلیمٰن ولزکریا یحیی ولمریم عیسیٰ ارزقہا ولدا اصلحا سمیتہ محمد الحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ فسیکفیکہم اللہ وھو السمیع العلیم - بچہ پیدا ہو تو اس کا نام محمد رکھیں۔

(۱۸۴) برائے تولد فرزند۔ حمل سے پہلے ۴۰ عدد مغز بادام کے ہر دانہ پر ایک ایک بار سورۂ یٰس پڑھکر دم کریں عورت ایک ایک دانہ روز کھائے۔

(۱۸۵) **برائے تولد فرزند مجرب المجرب ہے**۔ حاملہ کے پیٹ پر انگشت شہادت سے لکھ کر یہ دعا پڑھے۔ اللھم ان کان ھذا الولد ذکرا فسمیتہ محمدا ۔

(۱۸۶) **تسہیل ولادت**۔ نقش پندرہ ٹھیکری پر لکھ کر دیں کہ بائیں پیر کے نیچے رکھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بآسانی ولادت ہو گی۔

۷۸۶

۱۰	۱۵	۱	۸
۵	۴	۱۴	۱۱
۱۶	۹	۷	۲
۳	۶	۱۲	۱۳

(۱۸۷) **آسانی وضع حمل**۔ ناف پر باندھا جائے۔ ←

(۱۸۸) **جب تکلیف زیادہ ہو**۔ ران پر باندھا جائے ← کھانے کے لئے یہ دیا جائے ←

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

۷۸۶

۱۶	۲۲	۲۸	۲
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۲۰	۱۰	۸	۳۰

(۱۸۹) **آسانی سے ولادت ہو**۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یھب لمن یشاء اناثا ویھب لمن یشاء الذکور فلاں بنت فلاں را پسر زاید۔

(۱۹۰) **آسانی کے ساتھ بچہ پیدا ہو** اس نقش کو لکھ کر دے کہ عورت ناف پر باندھے یا سیدھے ہاتھ میں لیکر بیٹھ جائے انشاء اللہ تعالیٰ جلد تر مدت میں ولادت ہو گی۔ بعد ولادت تعویذ کو علاحدہ کر دے اور بچہ کو نہلا کر اذان و تکبیر کان میں کہہ کر اس کے گلے میں ڈال دے مجرب ہے۔

(۱۹۱) **برائے تیسیر وضع و تسہیل حیض**۔ اذا السماء انشقت واذنت لربھا وحقت

واذا الارض مدت والقت ما فیہا وتخلت واذنت لربہا وحقت اھیا اشو اھیا۔

یہ ایک پارچہ پر لکھ کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر بائیں بازو پر باندھے بچہ پیدا ہوتے ہی فوراً کھول دیں۔

ترکیب دیگر یہ ہے کہ آیۃ الکرسی ایک بار اور یہ آیت کریمہ سات بار پڑھ کر گڑ یا پانی پر دم کر کے کھلائیں یا پلائیں۔

(۱۹۲) اس عورت کی خلاصی کیلئے جسکا بچہ پیٹ میں مر گیا ہو۔ مٹی کی کوری طشتری پر یہ آیت لکھ کر عورت کو پلائیں خدا چاہے تو مردہ بچے کی ولادت آسانی سے ہو جائے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم واصبح فواد ام موسی فارغا ان کانت لتبدی بہ لو لا ان ربطنا علی قلبہا لتکون من المومنین۔

(۱۹۳) برائے حبس حیض و نفاس۔ اس نقش کو پوست ہرن پر لکھ کر عورت کی ران میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خون فوراً بند ہوگا۔ نقش یہ ہے ←

۲۲۶	۶۰۲	۷۵
۱۵۰	۳۰۱	۴۵۲
۵۲۷	یاقابض	۴۷۶

(۱۹۴) برائے حبس حیض و نفاس مشک زعفران سے لکھ کر زیر ناف باندھے اور ایک مرغ سفید نر یا مادہ صدقہ کرے مجرب و آزمودہ ہے ←

۷۸۶

یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض

یاقابض تقبضت بالقبض والقبض فی قبض قبضتک یاقابض خون کہ زیادہ از بیماری آید قبض و بند گردد۔

(۱۹۵) دفع استحاضہ کے لئے۔ مستحبہ سیدنا اعلیٰ حضرت قدس سرہ مجرب ہے۔ چاہئے اس نقش کو گلے میں پہنائیں اور کسر نویں خانہ میں ڈالی جائے یعنی ۷۳۲ کے بعد ۷۳۴ ہوں ←

اللھم ادفع استحاضۃ امتک فلانۃ ۷۸۶

۷۳۲	۷۳۶	۷۳۹	۷۲۵
۷۳۸	۷۲۶	۷۳۱	۷۳۷
۷۲۷	۷۴۱	۷۳۴	۷۳۰
۷۳۵	۷۲۹	۷۲۸	۷۴۰

بنت فلانۃ عن فلانۃ ان اللہ

الا انا ذبح

بسم ۱۲ ۱۳۶۰ [illegible]

(۱۹۶) **برائے اجرائے حیض** ۔ جس عورت کا حیض رک گیا ہو اس کے جاری کرنے کے لئے یہ نقش لکھ کر دیں کہ وہ ناف کے نیچے باندھے اور روزانہ اسی نقش کو دھو کر پی لیا کرے مجرب المجرب ہے ←

۷۸۶

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	یاباسط	۳۰

(۱۹۷) **برائے ادرار لبن** ۔ دودھ بڑھانے کے لئے مٹی یا تانبے کی رکابی پر کندہ کرا کے عورت اسی میں کھانا کھائے مگر برتن دھویا نہ جائے صرف اسے آٹے کے پیڑے سے صاف کر دیا کریں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۰ آلرقف تلك آیٰت الکتب وقرآن مبین ۰ ربما یود الذین کفروا لوکانوا مسلمین ۰ ذرھم یاکلوا (الی) وانالہ لحفظون سورۃ الحجر۔ ۱۳ پارہ کے آخر سے شروع ہو کر چودھواں پارہ کے اول رکوع پر ختم ہے اور اگر درمیان میں نقش درود شفا بھی لکھ دیا جائے تو بہتر اور زیادہ موثر ہے نقش یہ ہے۔ (نوٹ) بریلی میں کندہ شدہ نقوش اور یہ رکابی ہر وقت تیار ملتی ہے۔

۷۸۶

۸۸۱	۸۸۴	۸۸۷	۸۷۳
۸۸۶	۸۷۴	۸۸۰	۸۸۵
۸۷۵	۸۸۹	۸۸۲	۸۷۹
۸۸۳	۸۷۸	۸۷۶	۸۸۸

(۱۹۸) **برائے بخت کشادن دختراں** ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ومن کل شیٔ خلقنا زوجین لعلکم تذکرون ۰ اللھم بحق قولك ھذا وبحرمۃ نبیك محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان ترزق ھذہ المرأۃ زوجا موافقا غیر مخالف بحق سیدنا ومولانا محمد وآلہ اجمعین

بسم اللہ ۷۸۶ الرحمٰن الرحیم

مبینا	فتحا	لك	انا فتحنا
۴۹	۵۹۲	۱۰۲	۴۹۰
۵۹۳	۵۲	۴۸۷	۱۰۱
۴۸۸	۱۰۰	۵۹۴	۵۱

(۱۹۹) **دیگر** ۔ مشتری کی ساعت میں لکھ کر لڑکی کے گلے میں پہنائیں اور اگر ہرن کی کھال پر لکھ کر مکان میں آویزاں رکھیں شوہر غیب سے پیدا ہوگا۔

(۲۰۰) **اگر کسی کا شوہر بد افعال ہو۔ اس کی بدعادت چھڑانے کا مجرب عمل**

سات ڈھیلے پاک مٹی کے لیکر ہر ایک پر ایک ایک مرتبہ سورہ یٰس شریف پڑھ کر دم کریں اور کسی پرانی قبر میں دفن کریں۔

(۲۰۱) **معین حمل** سورۂ معارج کا نقش لکھ کر عورت گلے میں پہنے۔

(۲۰۲) **نقش حفاظت حمل عطیہ حضور محدث اعظم قدس سرہٗ**

نقش تکسیر حنہ کی پشت پر کندہ کرائے جمیع امراض کے لئے بھی مفید ہے مجرب المجرب ہے ←

۷۸۶

۲۴	۲۸		۳۱	۱۷
۳۰	۱۸ / ۲۴	۲۰	۲۳ / ۳۵	۲۹
	۲۲	۲۴	۲۶	
۱۹	۳۳ / ۲۳	۲۸	۲۱ / ۳۳	۲۲
۲۷	۲۱		۲۰	۳۲

حمعسق　　　کھیعص

(۲۰۴) **عمل برائے زن عقیمہ۔** ایک تختی چاندی کی جو روپیہ بھر ہو بنوا کر اس پر یہ نقش کندہ کرائیں یہ عطیہ ہے حضرت حاجی سید شاہ طفیل احمد اشرفی الجیلانی کچھوچھوی کا پھر سپید مرغ کے دل سے نیچے کے حصہ سے یہ تعویذ لکھا جائے اور لفظ فلاں کی جگہ اس عورت کا نام اور بنت فلاں کی جگہ اس کی ماں کا نام لکھا جائے اور گیارہ روپیے نیاز کے لیکر فاتحہ بنام بزرگان دین دلائیں اور تعویذ عورت کے گلے میں ڈالے اور تختی والا تعویذ روزآنہ دھو کر پی لیا کرے اور یہ عبارت اس کے نیچے لکھی جائے۔ الٰہی بحرمت حضرت شاہ راجی عبد الحی یٰسین بابا حسام و حضرت شاہ نور قطب عالم پنڈوی سماۃ فلاں بنت فلاں را فرزند نرینہ تولد شود و از آفات ارضی و سماوی حمل او محفوظ ماند۔ مجرب المجرب ہے ←

۷۸۶

۲۴	۲۸	۳۱	۱۷
۳۰	۱۸	۲۳	۲۹
۱۹	۳۳	۲۶	۲۲
۲۷	۲۱	۲۰	۳۲

علی سید المرسلین محمد والہ واصحابہ اجمعین

۷۸۶

۸	۴۴	۴۷	۱
۴۶	۲	۷	۴۵
۳	۴۹	۴۲	۶
۴۳	۵	۴	۴۸

(۲۰۵) **برائے ہر بیماری خصوصاً عورتوں کی جملہ بیماریوں کیلئے نیز حفاظت حمل کیلئے خاص عطیہ حضور مفتی اعظم ہند دامت برکاتہم القدسیہ**

یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈالے اور حمل کے زمانے میں اتنا ڈورا بڑا کر دیں کہ ناف کے نیچے رہے اور اسی کی نقل کر کے پلائیں۔ مجرب بفضل خدا ہے ←

بسم اللہ الرحمن الرحیم لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم سلام قولا من رب رحیم

۱۳۰	۹۹۶	۹۹۱	۳۹۲
۹۹۲	شافی	سلام	۹۹۵
۳۹۰	حافظ	حفیظ	۱۳۲
۹۹۷	۱۳۳	۳۸۹	۹۹۰

(۲۰۶) ایام حمل میں جاری خون بند کرنیکا عمل

اس نقش کو چاندی یا تانبے کے خول میں بند کر کے پیٹ پر باندھیں بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم صل علی سیدنا محمد والہ

۷۸۶

۲۱۸	۲۳۲	۲۲۸	۲۲۵
۲۲۹	۲۲۴	۲۱۹	۲۳۱
۲۲۳	۲۲۶	۲۳۴	۲۲۰
۲۳۳	۲۲۱	۲۲۲	۲۲۷

یا قابض الذی یقبض بستم خون رواں از شکم فلانہ بنت فلاں بحق یا قابض۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم اعوذ بکلمات اللہ التامات من کل عین لامات ومن شر شیطان وھامات ومن کل اوجاع واسقام وامراض وان یکاد الذین کفروا لیزلقونك بابصارھم لما سمعوا الذکر ویقولون انہ لمجنون وما ھو الا ذکر للعلمین اھیا اشراھیا بحق کھیعص وبحق حمعسق بسم اللہ الشافی بسم اللہ الکافی بسم اللہ المعافی بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شئی فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم برحمتك یا ارحم الراحمین بسم اللہ الرحمن الرحیم قل اعوذ برب الناس ملك الناس الہ الناس من شر الوسواس الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس وصلی اللہ تعالی علی سیدنا محمد والہ وصحبہ وبارك وسلم

(۲۰۷) نقش حفاظت حمل یہ عمل فقیر کے خاندانی

بزرگوں کا عطیہ ہے چونکہ مجرب ومفید ہے اس لئے تحریر کر دیا تاکہ اپنے دینی بھائی اس سے فائدہ اٹھائیں۔

محمد صلی اللہ علیہ وسلم — ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ — میکائیل علیہ السلام — عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ — جبرائیل علیہ السلام — علی رضی اللہ عنہ

الٰہی بحرمت حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الٰہی بحرمت آبرو ئی خواجہ کرخی معروف والٰہی بحرمت اسم اعظم خود والٰہی بحرمت کلام مجید خود ایں حمل را از اسقاط شدن نگاہ داری بحق اھیا واشراھیا ان کل نفس لما علیھا حافظ فاللہ خیر احافظا وھو ارحم الراحمین۔

(۲۰۸) برائے ام الصبیان

اس تعویذ کو حاملہ کے گلے میں باندھے اور بچہ پیدا ہو جائے تو بچہ کے گلے میں ڈالے۔

الاّ محمد الا	الاّ محمد الا	الاّ محمد الا	الاّ محمد الا
الاّ محمد الا	الاّ محمد الا	الاّ محمد الا	الاّ محمد الا
الاّ محمد الا	الاّ محمد الا	الاّ محمد الا	الاّ محمد الا
الاّ محمد الا	الاّ محمد الا	الاّ محمد الا	الاّ محمد الا

الٰہی بہ برکت ایں تعویذ مبارک دارندۂ تعویذ وبچہ اش کہ در کشش ست ہر بلا آسیب وجھوگہ وغیرہ نگرددو بکنا سوالدین خود صد سال برسد آمین ثم آمین بحق سیدنا ومولانا محمد وآلہ الطیبین الطاہرین ثم آمین ثم آمین۔

بابُ الاطفال

(۲۰۹) **گریۂ طفل** اس نقش کو لکھکر بچے کے گلے میں ڈالیں۔

(۲۱۰) دیگر۔ سورۂ رعد صحیح لکھ کر گلے میں ڈالیں اور بچے پر دم کریں پھر کبھی نہ روئے گا

۷۸۶

۱	۱۵	۱۴	۴
۱۲	۶	۷	۹
۸	۱۰	۱۱	۵
۱۳	۳	۲	۱۶

(۲۱۱) **حفاظت صبی**

(۲۱۲) **حفاظت اطفال وحمل**

۷۸۶

م ۱	ح ۱۴	ی ۱۱	ط ۸
ط ۱۲	ی ۷	ح ۲	م ۱۳
ح ۶	م ۹	ط ۱۶	ی ۳
ی ۱۵	ط ۴	م ۵	ح ۱۰

(۲۱۳) **بچہ دودھ نہ پیتا ہو**

اگر بچہ دودھ نہ پیتا ہو تو یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں اور شیر مادر میں گھول کر پلائیں

۷۸۶

یاحافظ	یاحفیظ	یارقیب	یاوکیل
یاوکیل	یارقیب	یاحفیظ	یاحافظ
یاحفیظ	یاحافظ	یاوکیل	یارقیب
یارقیب	یاوکیل	یاحافظ	یاحفیظ

قیوم	قیوم	قیوم	قیوم	قیوم	قیوم
قیوم	قیوم	قیوم	قیوم	قیوم	قیوم

اعوذ بکلمات اللہ التامات من غضبہ وعقابہ وشر عبادہ ومن ھمزات الشیطن وان یحضرون۔

(۲۱۴) **برائے سوکھا** - سوکھے کے لیے یہ نقش بیگن پر تین طرف سوئی یا چاقو کی نوک سے گویا کندہ کریں اتوار کے روز جہاں بچہ سوتا ہو وہاں لٹکا دیں۔ بچہ کو اس بیگن کے نیچے اکثر رکھیں جتنا جتنا بیگن سوکھے گا انشاء اللہ سبحٰنہٗ تعالٰی بچہ اتنا اتنا فربہ و توانا و تندرست ہوتا جائیگا باذنہٖ و کرمہٖ مولیٰ تعالیٰ (**نوٹ**) اعداد چال کے لیے ہیں۔

۴۸۶

دی ۸	ولا ۱	ط ۶
و ۳	ھ ۵	لا ۷
ای ۴	ق ۹	مس ۲

(۲۱۵) **ڈبہ اطفال** ایک بالشت کا سرکنڈہ لے کر سورۂ اخلاص و معوذتین تین تین بار دم کرے چھری سے تھوڑا سا کاٹے پھر ایسا ہی کرے تین مرتبہ کرے تین روز کے اندر مرض جاتا رہے گا۔

(۲۱۶) **برائے ام الصبیان** - کہ ہندی میں جموگہ و مسان دمرگی کہتے ہیں۔ خواجہ عبد الکریم مغربی، خواجہ عبد الرحیم مشرقی۔ خواجہ عبد الرشید شمالی۔ خواجہ عبد الجلیل جنوبی۔ ان چاروں ناموں کو بطور تعویذ بچوں کے گلے میں ڈالیں اور ہر ماہ قمری کی چار تاریخ کو ان بزرگوں کی فاتحہ حلوا پکا کر پاک جگہ رکھ کر لوبان وغیرہ کی خوشبو کر کے الحمد شریف۔ آیۃ الکرسی۔ سورۂ اخلاص۔ درود شریف اول و آخر پڑھ کر ثواب ان بزرگوں کی روح کو بخشیں اور غریبوں کو کھلا دیں اور برکت کی دعا ان سے کرائیں اور چار رجب جو ان حضرات کی وفات کا دن ہے فاتحہ میں زیادہ اہتمام کریں اور فاتحہ دلا کر غریبوں کو تقسیم کردیں۔

[illegible] / ۸	[illegible] / ۲	[illegible] / ۱۰
[illegible] / ۹	[illegible] / ۶	[illegible] / ۴
[illegible] / ۳	[illegible] / ۱۱	[illegible] / ۸

(۲۱۷) **دفع مسان طفلاں** وغیرہ اس نقش کو کندہ کرا کر چار بتی لگا کر جلائیں اور بچے کو اسکی روشنی میں رکھیں۔

(۲۱۸) **دودھ چھڑانے اور ضد کرنیوالے کیلئے** یہ نقش موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالیں

(۲۱۹) **بے تکلف دانت نکلنے کا نقش**

انک انت ۴۸۶ الوھاب

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

۷۸۶

اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ← ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بے تکلف دانت نکلیں گے

۲	مسع	ع	هو
و	۲	د	ط
سر	س	وط	و
دلا	ح	سے	حد

(۲۲۰) نقش مجرب برائے سوکھا عدد آیت کریمہ

وان یکاد الذین کفروا۔ ۴۶۹۶

ربع بکسر ۱۱۶۶۲ موم جامہ کر کے بچے کو پہنائیں اور یہ نقش دفع نظر کے لیے بھی مفید ہے ←

۷۸۶

۱۱۷۳	۱۱۷۷	۱۱۸۰	۱۱۶۶
۱۱۷۹	۱۱۶۷	۱۱۷۲	۱۱۷۸
۱۱۶۸	۱۱۸۲	۱۱۷۵	۱۱۷۱
۱۱۷۶	۱۱۷۰	۱۱۶۹	۱۱۸۱

باب النظر

(۲۲۱) برائے دفع نظر۔ لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں۔ اور آیت کریمہ وان یکاد الذین کفروا لیزلقونک بابصارھم لما سمعوا الذکر ویقولون انہ لمجنون وما ھو الا ذکر للعلمین۔ پڑھ کر دم کریں اور لکھکر گلے میں ڈالیں۔ بیحد مفید ہے۔

۷۸۶

ھا ھا ھا ھا ھا

ء ء ء ء ء

و و و و و

ط ط ط ط ط

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

باب الآلام والاوجاع والاورام

(۲۲۲) برائے دفع درد و چوٹ و پھوڑا وغیرہ ہر بیماری کا مجرب عمل

اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْھِبِ الْبَاْسَ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَاشِفَاءَ اِلَّاشِفَاءُکَ فَاشْفِ شِفَاءً لَّایُغَادِرُ بِہٖ سُقْمًا اول وآخر درود شریف ۳-۳ بار اپنے یا غیر

کے جہاں درد ہو یا چوٹ لگی ہو یا پھوڑا پھنسی ہو یا ان کے علاوہ کوئی اور مرض ہو موضع مرض پر اپنا داہنا ہاتھ رکھکر سات بار یہ دعا پڑھے اور دم کرے۔ اس کا لحاظ رکھے کہ اگر نامحرم ہو مطلقاً ہاتھ نہ لگائے بلکہ مریض سے ہاتھ مرض کی جگہ پر رکھوائے اسی طرح اگر مرض کی جگہ ہاتھ لگانے کی نہیں ہے تو یہی کرے۔

(۲۲۳) **دفع درد کا دوسرا عمل**۔ موضع درد پر ہاتھ رکھکر ۷ بار دعا پڑھکر دم کرے بِسْمِ اللّٰہِ شَافِیْ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اُسْکُنْ بِاِذْنِ رَبِّیْ وَرَبِّکَ الْعَزِیْزِ ۝

(۲۲۴) **برائے درد پسلی**۔ دہنی یا بائیں پسلی میں درد ہو اور دوا سے نہ جاتا ہو درد آسیب سے معلوم ہوتا ہو اس طرف کے بازو پر باندھے اور باندھنے سے پہلے ایک پیسہ ایک انڈا ایک زندہ مچھلی ایک سیر آٹا مریض پر سے اتار کر محتاج کو دیدے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۴	۵	۸	۱۵
۷	۱۶	۱۱	۶
۱۷	۱۰	۱۳	۱۰
۱۴	۹	۱۸	۹

(۲۲۵) **درد دہن** یہ دعا کثرت سے ورد رکھے۔
یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ

(۲۲۶) **دانتوں کے درد کے لیے مجرب عمل**
تین بار ان آیات کے حروف کو پڑھکر درد کی جگہ دم کرے۔
صاحب درد سے کہے کہ موضع درد کو خوب زور سے پکڑے الٓمٓصٓ طٰسٓمٓ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝ اُسْکُنْ بِکٓھٰیٰعٓصٓ ذِکْرُ رَحْمَتِ رَبِّکَ عَبْدَہٗ زَکَرِیَّا اُسْکُنْ بِالَّذِیْ اِنْ یَّشَاْ یُسْکِنِ الرِّیْحَ فَیَظْلَلْنَ رَوَاکِدَ عَلٰی ظَھْرِہٖ اُسْکُنْ بِالَّذِیْ سَکَنَ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ پہلے لفظ ط زمین پر لکھیں اور درد والے کو سامنے بٹھائیں اور ط کے دانہ میں ایک کیل گاڑدیں پھر پڑھکر

دم کریں۔ تھوڑی دیر میں درد کافور ہوگا۔

(۲۲۷) **درد گلو**۔ پڑھکر دم کریں اور لکھ کر گلے میں باندھیں اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰى يَا مَنْ سَوَّانِیۡ يَا مَنْ رَزَقَنِیۡ وَرَبَّانِیۡ يَا مَنْ اَطْعَمَنِیۡ وَسَقَانِیۡ يَا مَنْ تَوَسَّنِیۡ وَاَدْنَانِیۡ يَا مَنْ عَصَمَنِیۡ وَكَفَانِیۡ يَا مَنْ حَفِظَنِیۡ وَكَلَانِیۡ يَا مَنْ وَّفَّقَنِیۡ وَهَدَانِیۡ يَا مَنْ اَعَزَّنِیۡ وَاَغْنَانِیۡ وَيَا مَنْ اَمَاتَنِیۡ وَاَحْيَانِیۡ يَا مَنْ اَنْسَنِیۡ وَلَاَنِیۡ سُبْحٰنَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ ۃ

(۲۲۸) **کان کے درد کے لیئے**۔ پاک پیالے میں سورۂ فاتحہ لکھ کر روغن گل سے دھو کر کان میں نیم گرم ٹپکائیں۔

(۲۲۹) **قے اور درد قولنج (پیٹ) کے لیے**۔ قوله تعالیٰ اولم یر الانسان اناخلقناه من نطفة فاذاهو خصیم مبین ہ لکھ کر دھو کر پلائیں شفا ہوگی مجرب ہے

(۲۳۰) **عرق النساء کے لیے**۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ اَللّٰھُمَّ رَبَّ كُلِّ شَیْءٍ وَّمَلِيْكَ كُلِّ شَیْءٍ وَّخَالِقَ كُلِّ شَیْءٍ۔ اَنْتَ خَلَقْتَنِیۡ وَخَلَقْتَ عِرْقَ النِّسَآءِ فِیَّ فَلَا تُسَلِّطْهُ عَلَیَّ بِاَذًى وَّلَا تُسَلِّطْنِیۡ عَلَيْهِ بِقَطْعٍ وَّاشْفِنِیۡ شِفَآءً لَّا يُغَادِرُ سُقْمًا لَا شَافِیَ اِلَّآ اَنْتَ۔ یہ دعا لکھ کر گلے میں ڈالے اور ہر نماز کے بعد سات بار کم از کم تین بار پڑھا بھی کریں۔

(۲۳۱) **برائے درد رشتہ کہ ہندی میں اسے نارو کہتے ہیں** ہفتہ یا اتوار کو لکھے اور درد کی جگہ باندھے۔ ح ح ح ح ح ح ح

(۲۳۲) **دیگر مجرب ہے** سورۂ ناس اکیس روز سات سات مرتبہ پڑھکر پیاز آگ میں پکا کر دم کرے اور باندھے۔

۷۸۶

جزولیہ	جزولیہ
جزولیہ	جزولیہ

(۲۳۳) ایضاً ہفتہ کے دن لکھ کر گڑ میں لپیٹ کر کھلائیں سات دن تک

(۲۳۴) دیگر ترکیب سابق کے ساتھ اس نقش کو کھلائیں۔

۷۸۶

عو	عو	عو	عو
عو	عو	عو	عو
عو	عو	عو	عو
عو	عو	عو	عو

(۲۳۵) کنٹھ مالا اور ہر قسم کے ورم۔ درد کے لئے ۷ تار نیلے سوت کے لیکر مریض کے قد کے برابر ناپ لیں پھر اس میں ۱۲ گرہیں لگائیں اور ہر گرہ پر یہ دعا پڑھکر دم کریں۔ اعوذ بعزۃ اللہ وقدرۃ اللہ وقوۃ اللہ وبرھان اللہ و سلطان اللہ وکنف اللہ وجوار اللہ وامان اللہ وذل اللہ ومنع اللہ وکبریا اللہ ونظر اللہ وبھاء اللہ وجلال اللہ وکمال اللہ ورلا اِلٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ من شر ما اجد واحاذر وہ گنڈہ مریض پہنے۔

(۲۳۶) جانور کے کاٹے کا عمل یہ آیت کریمہ ہر جانور کے کاٹے کا منتر ہے گیارہ بار پڑھکر کاٹنے کی جگہ پر دم کرے۔ اَمْ اَبْرَمُوْا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ہ

(۲۳۷) بچیوں کے کان چھیدنے کا عمل مذکورہ بالا آیت کریمہ کو سات بار پڑھکر سوئی پر دم کر کے کان یا ناک چھیدیں تو درد نہ ہوگا مجرب و آزمودہ ہے۔

(۲۳۸) عمل کژدم بچھو کاٹ لے تو سات بار پڑھکر داہنے کان میں دم کرے پھر سات بار پڑھکر بائیں کان میں دم کرے۔ فرعون با لشکر در آب دجلہ غرق شد انشاء اللہ تعالیٰ زہر دور ہو جائے گا۔

(۲۳۹) سانپ بچھو سے حفاظت کا عمل۔ صبح و شام اعوذ بکلمٰت اللہ التامات من شر ما خلق تین تین بار پڑھ لیا کرے یہ عمل حدیث کا ہے۔

(۲۴۰) سانپ بچھو اور چور سے حفاظت کا مجرب عمل اول شب یہ دعا پڑھ لیا کرے۔ عَقَدْتُ ذَنَبَ الْعَقْرَبِ وَلِسَانَ الْحَیَّۃِ وَکَیْدَ السَّارِقِ بِقَوْلِ اَشْھَدُ

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ○

(۲۴۱) **بچھو کے زہر اتارنے کا مجرب نافع عمل** درد کی جگہ لوہا باندھ دے پھر یہ دعا پڑھکر دم کرے اور لکھ کر کھلائے سلٰم علی نوح فی العٰلمین وعلی محمد فی المرسلین من حاملات السم اجمعین ○ لادابۃ فی السماء والارض الارب اخذ بناصیتھا اجمعین ○ کذلک نجزی جادہ المحسنین ○ ان ربی علی صراط مستقیم نوح نوح قال لکم نوح من ذکرنی ملاتا کلوا ان ربی بکل شئ علیم وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمد وآلہ وصحبہ وسلم

(۲۴۲) **سانپ کے کاٹے کا مجرب عمل** اگر کسی کو سانپ نے کاٹ لیا ہے تو حرف آبی لکھ کر پلائیں حروف آبی یہ ہیں۔ ج۔ ز۔ ک۔ س۔ ق۔ ث۔ ظ کہ مجموعہ جزکس قثظ ہے۔

(نوٹ) بعض کتابوں میں کچھ اور لکھا ہے مگر اعلیٰحضرت قدس سرہٗ کے مجموعہ میں یہی مذکور ہے اور دوجگہ۔ اس لئے یہ زیادہ معتبر ہے پھر معمولات میں بھی یہی تحریر ہے

(۲۴۳) **مکان سے سانپ بھگانے کا مجرب عمل** جس مکان میں سانپ بکثرت ہوں اُس کے چاروں گوشوں میں ان ساتوں سلام کو جو قرآن مجید میں وارد ہیں چار ڈھیلوں پر سات سات مرتبہ اول وآخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار پڑھکر دم کرکے تین ڈھیلے تینوں گوشے میں ڈالدیں اور چوتھا ڈھیلا سانپ نکل جانے کے بعد ڈالا جائے سانپ اس مکان میں نہ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ چلا جائے گا۔

وہ سلام یہ ہیں سلام علیٰ عبادہ الذین اصطفٰی ○ سلٰم قولا من رب رحیم سلٰم علی نوح فی العٰلمین ○ سلام علی ابراھیم ○ سلٰم علی موسٰی وھٰرون ○ سلٰم علی اٰل یاسین ○ سلام علی المرسلین ○ بہتر ہے یہ دونوں آیت بھی ملالے۔ سلام علیکم طبتم فادخلوھا خٰلدین ○ سلٰم ھی حتی مطلع الفجر ○

(۲۴۴) **کُتّے کاٹے کا مُجرّب عمل** جسے کتے نے کاٹ لیا ہو اس کے لیے یہ تین آیتیں روٹی کے چالیس ٹکڑوں پر لکھیں روزآنہ ایک کھلادیں انشاءاللہ تعالیٰ دیوانگی سے محفوظ رہے گا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۰ انھم یکیدون کیدا واکید کیدا فمھل الکفرین امھلھم رویدا ۱ اور اگر ان آیتوں کو لوہے کی چار کیلوں پر ۲۵-۲۵ بار پڑھکر دم کرکے گھر کے چاروں کونوں میں داب دیں وہ گھر شیاطین کے شرور سے محفوظ رہے گا۔ انشاءاللہ تعالےٰ

(۲۴۵) **برائے دفع بواسیر خونی وبادی** ہر قسم کی بواسیر خونی وبادی کے لیے دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورۂ الم نشرح۔ دوسری میں سورۂ فیل اور سلام کے بعد ستر بار کہے اَستَغفِرُ اللہ رَبّی مِن کُلِّ ذَنبٍ وَّاَتُوبُ الیہ ہ سبحن اللہ وبحمدہ ۔چند روز اسی طرح کرے انشاءاللہ تعالےٰ بواسیر دفع ہو۔

(۲۴۶) **دیگر** اَمَرَ بِمَن جَمُوْ سَارَا چھوڑ بواسیر پنڈ ہمارا۔ جتنی دیر پاخانے میں بیٹھے یہ جملے جو کسی کے ہیں ورد زبان رکھے۔

(۲۴۷) **برائے دفع طحال یعنی تلی** بیگن صاف اور سات کانٹے ببول کے جمعرات کے دن ہر کانٹے پر ۳-۳- بار سورۂ قریش دم کرے اور ۶ کانٹے بیگن کے بیچ میں چبھودے اور ایک کانٹا اس کے دم میں چبھوکر مریض جہاں سوتا ہو اس کے اوپر لٹکادے اور نیاز محبوب سبحانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ دلائے بفضل خدا فائدہ ہوگا۔

(۲۴۸) **دیگر عمل مجرب المجرب ہے** ایک کپڑا لے کر چار تہ کرکے تلی کے مقام پر رکھیں اس کے اوپر ناریل کے پوست کا نصف حصہ رکھکر اس کے اوپر تعویذ رکھیں اور آگ اس پر رکھیں تاکہ تعویذ مکمل طور سے جل جائے اس تلی کے مقام پر آبلہ پڑجائے گا اس پر دھو یا گھی مل دیں اس کے بعد مرہم لگادیں۔ انشاءالمولیٰ تعالیٰ

تلی کا مرض دور ہو جائے گا نقش یہ ہے۔

(۲۴۹) دفع گھیگھا: بسم اللہ الرحمن الرحیم

ام ابرموا امرا فانا مبرمون ہ لکھ کر گلے میں باندھیں۔

(۲۵۰) دیگر: اس آیت کریمہ کو لکھ کر دیدے کہ صاحب مرض دیکھتا رہے فلولا اذا بلغت الحلقوم وانتم حینئذ تنظرون ہ

(۲۵۱) آماس گلو اس نقش کو لکھ کر سونے کے تعویذ میں کر کے ایسا باندھیں کہ ہر وقت گلے سے چپکا رہے۔ عورتوں کے لیے تعویذ کا خول بنائیں اور بچوں کے لیے سونے کے چھوٹے سے پتر بنا کر تعویذ کے اوپر لگا کر موم جامہ کر کے باندھیں محسوب ۳ ۸

(۲۵۲) دیگر اس نقش کو لکھ کر الٹے بازو پر باندھیں

مطسہ	مطسہ
مطسہ	مطسہ

انشاء اللہ تعالیٰ دفع ہوگا۔

(۲۵۳) نکسیر کا عمل یہ نقش اور یہ آیت کریمہ لکھ کر پیشانی پر باندھیں بسم اللہ الرحمن الرحیم لکل نبإ مستقر فسوف تعلمون

۴۹۶

۵۸۶	۵۸۱	۵۸۸
۵۸۷	۵۸۵	۵۸۳
۵۸۲	۵۸۹	۵۸۴

(۲۵۴) دیگر یہ عمل لکھ کر پیشانی پر باندھے دم دم طلع طلع کلم کلم صلح

(۲۵۵) ہر قسم کے درد کے لیے اور بہتر یہ ہے کہ اس کے ساتھ بسم اللہ الشافی بسم اللہ الکافی بسم اللہ المعافی بسم اللہ کان ما کان بسم اللہ یکون ما یکون بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شئ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم برحمتک یا ارحم الراحمین۔ لکھ کر دیں اور گلے میں باندھا جائے۔ مجرب بفضل خدا۔ ہر سطر میں گیارہ میم رہیں گے

(۲۵۶) برائے ناف موم جامہ کر کے ناف پر باندھے اس نقش میں اکیس ۲۱ داؤ دہرے بنیں گے۔

ہر قسم کے بخار و لرزہ کے عملیات و تعویذات

(۲۵۷) **برائے تپ** ۔ بسم اللہ الکبیر اعوذ باللہ العظیم من شر کل عرق نعار ومن شر حر النار ۔

(۲۵۸) **دیگر** ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللہ ازلی لم یزل ولا یزال یزیل الزوال وھو لا یزال وننزل من القراٰن ماھو شفاء ورحمۃ للمومنین ولاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا محمد والہ وصحبہ اجمعین وبارک وسلم لکھ کر سیدھے بازو پر باندھا جائے ۔

(۲۵۹) **گنڈہ برائے بخار مجرب ہے** بخار والا گردن میں باندھے ترکیب یہ ہے کہ بعد نماز ظہر سات تار کچے سوت کے لیکر چاروں قل پڑھکر ایک گرہ لگائے اور قل پڑھنے سے پہلے یہ کہے ۔ بستم وقفل کردم تپ فلاں را (فلاں کی جگہ مریض کا نام لے) بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ اسی طرح چودہ گرہ لگائے ۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کے بخار کے لیے مفید ہوگا ۔

(۲۶۰) **تپ حار کے لیے** یعنی صفراوی بخار کے لیے مجرب المجرب ہے ۔ یہ آیت لکھکر گلے میں ڈالیں انشاءاللہ تعالیٰ صحت ہوگی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ربکم اللہ الذی خلق السموات والارض فی ستۃ ایام ثم استویٰ علی العرش یغشی اللیل والنہار یطلبہ حثیثا والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامرہ الا لہ الخلق والامر تبارک اللہ رب العالمین ۔

(۲۶۱) **نقش بخار ہر قسم** یہ نقش لکھ کر داہنی کلائی میں

۶۸۶

۸	۱۱۴۰	۱۱۴۳	۱
۱۱۴۲	۲	۷	۱۱۴۱
۳	۱۱۴۵	۱۱۳۸	۶
۱۱۳۹	۵	۴	۱۱۴۴

باندھیں اور یاحی یاقیوم کاغذ کے ٹکڑے پر لکھ کر دیں کہ گڑ میں ملا کر مریض کو دونوں وقت کھلائیں ہر قسم کے بخار کے لیے سود مند ہے اور ان شاء المولیٰ تعالیٰ چوبیس گھنٹے میں بخار جاتا رہے گا۔ مجربُ المجرّب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وننزل من القراٰن ما ھو شفاء ورحمۃ للمومنین ولا یزید الظلمین الا خسارا وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا محمد والہ وصحبہ وسلم

(۲۶۲) **برائے تپ** پہلے دن اللّٰھم صل علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ اٰل سیدنا محمد وبارک وسلم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لا الٰہ الا اللہ محمّد رسول اللہ وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ سیدنا محمد والہ اجمعین ۔ دوسرے دن ذلک تخفیف من ربکم تیسرے دن الان خفف اللہ عنکم وعلم ان فیکم ضعفا لکھ کر مریض کو کھلائیں صحت ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

(۲۶۳) **عمل تپ مجرب**۔ یہ حضور سیدنا غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا رقعہ لکھ کر گلے میں باندھیں اور نیاز حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حسب توفیق دلائیں اور تین تعویذ یاحی یاقیوم کے پلا دیں۔ رقعہ یہ ہے کہ برادرم تپ را اعلام میراں محی الدین غوث الثقلین آنکہ اگر تو در وجود فلاں بن فلاں خواہی ماند فردا در گور قاضی رشوت خوار گرفتار خواہد شد خبر کردن شرط است بگریز بگریز بگریز۔

(۲۶۴) **حدت بخار کم کرنے کے لئے**۔ ۱۰ بار یہ آیت کریمہ پڑھ کر دم کریں لا یرون فیھا شمسا ولا زمھریرا۔

(۲۶۵) **تپ کہنہ دق وسل وغیرہ کیلئے مجرب عمل**۔ شام کو کٹورے میں پانی بھر کر شبنم میں رکھ دیں صبح کو بعد نماز اس پر الحمد شریف سات بار آیۃ الکرسی ایک بار تینوں قل ۳-۳ بار پڑھ کر دم کریں پھر اس پانی کے چھینٹے بقوت مریض کے منھ اور سینہ پر دیں۔ مریض اگر عورت ہو تو شوہر یا محرم چھینٹے دے مریض اگر مرد ہے تو چھینٹے کے ساتھ اَللّٰھُمَّ اشْفِ عَبْدَکَ وَصَدِّقْ رَسُوْلَکَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

کہے اور عورت ہو تو بجائے "ک" کے بجائے "اَنتِ" کہے۔ نوروز بلا ناغہ ایسا ہی کریں اور چاہیں تو دو گھونٹ پانی بھی پلا دیں مگر پلانا ضروری نہیں۔

(۲۶۶) **برائے امراض مزمنہ**۔ تمام امراض مزمنہ کے لئے آیت کریمہ اللہ لطیف بعبادہ کا نقش چینی کی سفید رکابی پر لکھیں اور اس پر دو سوا نا سی بار ۲۷۹ یہی کلمہ طیبہ پڑھکر دم کریں اول و آخر درود شریف شفا تین تین بار چلہ ناغہ نہ کریں۔ مریض نقش زبان سے چاٹے۔ ۱۔ ۲ کے اعداد چال بتانے کے لئے ہیں ←

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ ۲	لطیف ۹	بعبادہ ۴
۱۱۱ ۷	۹۱ ۵	۷۵ ۳
۱۰۲ ۶	۵۷ ۱	۱۲۰ ۸

وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمد وآلہ وصحبہ وسلم
نصر من اللہ وفتح قریب فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین

(۲۶۷) **برائے تپ ولرزہ**۔ یہ عبارت لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور بجائے لفظ فلاں مریض کا نام لکھیں مجرب ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اے تپ ولرزہ اگر تو در بدن فلاں بماندی بر عذاب قاضی شوکی گرفتار خواہی شد۔

(۲۶۸) **برائے تپ ولرزہ**۔ اس آیت کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں یا دھو کر پلائیں یا گڑ میں ملا کر کھلائیں پر اثر ہے اور بارہا تجربہ کیا گیا ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم یا نار کونی بردا و سلاما علی ابراھیم وارادوا بہ کیدا فجعلنٰھم الاخسرین۔

(۲۶۹) **عمل سورۂ الم نشرح برائے جاڑا بخار بلکہ ہر بیماری اور برائے وسعت رزق**

نابالغ لڑکی کے ہاتھ سے کچا سوت کتا کر یکجا کر کے سات گرہ لگائے اس طرح کہ ہر اسم پاک پڑھ کر ایک گرہ لگائے یوں پڑھیں بسم اللہ الرحمن الرحیم الم نشرح یا محمد لک صدرک یا محمد ووضعنا عنک وزرک الذی انقض ظھرک یا محمد ورفعنا لک ذکرک یا محمد فان مع العسر یسرا ان مع العسر یسرا یا محمد فاذا فرغت فانصب یا محمد والی ربک فارغب یا محمد

تپ فلاں بن فلاں دفع شود اور مریض کے گلے میں ڈالے یہ عمل معمولات میں اسطرح مذکور ہے مگر اسم پاک کے ساتھ ندا جائز نہیں اس لئے یا محمد مصطفیٰ ہر جگہ پڑھیں۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور فراخی رزق کے لئے اکاسی بار روزانہ مع بسم اللہ شریف پڑھیں۔

(۲۷۰) **برائے تپ ولرزہ**۔ کوری ٹھیکری تین عدد لیکر ایک پر یا محیط اور دوسری پر یا محیطط اور تیسری پر یا محیططا لکھیں۔ پہلا ٹکڑا باری کے بخار آنے سے ایک گھنٹہ پہلے کپڑے میں لپیٹ کر سیدھے بازو پر باندھے اور دوسرا ٹکڑا دوسری باری کے دن باندھیں اور پہلا ٹکڑا کنواں میں ڈال دیں اور تیسری باری کے دن تیسرا ٹکڑا باندھیں اور دوسرا کنویں میں ڈال دیں اور تیسرا ٹکڑا تین دن بعد کنویں میں ڈالیں اور کنواں وہ ہو جس سے مریض پانی نہ پیتا ہو انشاء المولیٰ تعالیٰ صحت کلی ہو گی۔

(۲۷۱) **دیگر**۔ یہ دعا پڑھکر مریض پر دم کریں اور لکھ کر گلے میں ڈالیں اور ایک کاغذ یا طشتری پر لکھ کر پلائیں انشاء المولیٰ تعالیٰ شفا نصیب ہو گی۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هٰذَا الْكِتَابُ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ثُمَّ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اِلَى الْحُمّٰى حَرُّهَا مِنْ حَرِّ جَهَنَّمَ وَ بَرْدُهَا مِنْ زَمْهَرِيْرٍ فَاِذَا جَاءَ كِتَابِيْ هٰذَا فَاخْرُجِيْ مِنْ جَسَدِ فُلَانِ بْنِ فلاں یا بنت فلاں وَلَا تَاْكُلِيْ لَحْمَهٗ وَلَا تَشْرَبِيْ دَمَهٗ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(۲۷۲) **تپ ولرزہ کے لئے مجرب ہے**۔ مریض اس تعویذ پر پانچ جوتے مارے اور کہے کہ اب کی دفع آئے گا تو پچیس جوتے ماروں گا یہ لکھ کر بائیں بازو پر باندھے یا مجھلی کے سنہ پر لکھ کر بازو پر باندھے

۷۸۶

شداد	فرعون	ابولہب	شیطان
قارون	ابوجہل	نمرود	ہامان
ابولہب	شیطان	شداد	فرعون
نمرود	ہامان	قارون	ابوجہل

اور عداوت کے لئے بھی مجرب ہے اسے مجھلی۔ سنہ پر لکھ کر فریقین کا نام لکھکر دونوں کی گذرگاہ میں گاڑدے۔

نوٹ ضروری۔ جوتے مارنا ہوتو اس نقش کو ہندی میں لکھے حروف کا ادب ضروری ہے یا ان کے اعداد لکھے۔

نزلہ وزکام وکھانسی وامراض صدر

(۲۷۲) نزلہ۔ تین روز لکھ کر تین دن کھلائیں انشاء اللہ صحت ہوگی۔ پہلے دن اللھم ص علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد وبارک وسلم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہٖ سیدنا محمد والہ اجمعین۔ دوسرے دن صبح کو الآن خفف اللہ عنکم شام کو علم ان فیکم ضعفا تیسرے دن صبح کو ذلک تخفیف شام کو من ربکم مجرب ہے بفضل خدائے تعالیٰ۔

(۲۷۴) گنڈہ نزلہ۔ تین دھاگا ہاتھ میں لیکر کہے نزلہ فلاں بن فلاں را بستم اس کے بعد سات گرہ لگائے اور تین گرہ لگاتے وقت سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھ کر دم کریں اور دو میں قل اعوذ برب الفلق۔ قل اعوذ برب الناس اور دو میں سورہ فاتحہ اس کے بعد یہ آیت کریمہ پڑھے۔ وننزل من القراٰن ما ھو شفاء ورحمۃ للمؤمنین۔ پھر دونوں سرے باندھ کر پہنا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نزلہ دور ہوگا یہ مجرب وآزمودہ عمل ہے۔

(۲۷۵) کھانسی۔ بدھ کے دن لکھے اور پلائے سات دن تک۔ ساتوں دن کے لئے بدھ ہی کو لکھ کر دے۔ یا مستبین ۷۸۶ یا مستبین ۷۸۶۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۷۸۶

(۲۷۶) **برائے شفائے امراض و حفاظت صدر** گلے میں باندھیں اور روزانہ پلایا جائے۔

دیگر آیت کریمہ افحسبتم تا آخر بسم اللہ کیساتھ لکھکر پانی سے دھوکر پلائیں۔

صرع وپتہ

(۲۷۸) **مرگی وپت** سورۂ واللیل مرگی والے پر پڑھکر دم کریں اور پرانے پت والے کو لکھ کر دھوکر پلائی جائے۔

(۲۷۹) **برائے پت** سورۂ مجادلہ پت والے پر تین دن پڑھے بعد نماز عصر کے اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار۔

(۲۸۰) **برائے مرگی مجرب ہے** بروز بدھ ایک نقش لکھ کر موم جامہ کرکے مریض کے بازو پر باندھے اور ہر بدھ کو اسی طرح نقوش لکھ کر بدھ کو علیحدہ علیحدہ باندھتا ہے ساتویں بدھ کو ساتواں نقش لکھکر اور پچھلے چھ نقوش جو مریض کے بازو پر باندھے ہیں سب کو ایک جگہ موم جامہ کرکے باندھ دیں بفضل شافی حقیقی جل جلالہ وعم نوالہ شفا ہو گی۔

۱۴	۷۸۶	۶
۹	۵	۷
ح	د	د

(۲۸۱) **برائے مرگی** مثلث ہوائی خانۂ آتش سے شروع کرے تانبے کی تختی پر لکھ کر اتوار کی رات میں کسی مسلمان سے کندہ کرائے اور مرگی والے کے گلے میں ڈالیں اور اسی تختی کے برابر دوسری تختی چاندی کی تیار کرکے اسی رات میں خیرات کرے مجرب ہے نقش یہ ہے ←

۷۸۶

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

(۲۸۲) مرگی کا مجرب عمل اس دعا کو چاندرات میں بعد مغرب تانبے کی تختی پر کھو کر کسی بلند جگہ رکھدیں صبح طلوع آفتاب کے ساتھ فوراً بلدی سے کندہ کریں اور یاد رکھیں کہ میم اور واؤ کے سر کھلے رہیں اور ایک ٹکڑا بیخ مرجان اور ایک گرہ عود صلیب کی لیکر دونوں

دوسری جانب	ایک طرف
بسم اللہ الرحمن الرحیم یا مذل کل جبار عنید بقھر عزیز سلطانہ یا مذل	بسم اللہ الرحمن الرحیم یا مخلص لہ الدین

کو تاگہ میں منسلک کرکے اسی تاگے کے اندر یہ نقش بھی شامل کرکے مریض کے گلے میں ڈالیں کہ پہنے رہے۔ واضح رہے کہ مرجان وعود صلیب کو تانبے کی تختی سے علاحدہ رکھیں۔

دردِ سر و دردِ نیم سر

(۲۸۳) دردِ سر سورۃ الھکم التکاثر پڑھ پڑھ کر درد سر والے کا سر پکڑ کر دم کرتے جانا بہت ہی مفید ہے۔ نیز بعد عصر زیادہ مفید ہے۔

(۲۸۴) درد کا بہترین عمل یہ اسمائے باری تعالیٰ پڑھکر دم کرے نیز کاغذ پر لکھکر دے کہ مریض سر پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد صحت ہوگی۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰی یَا نُوْرُ یَا نُوْرَ النُّوْرِ یَا خَالِقَ النُّوْرِ یَا مُنَوِّرَ النُّوْرِ یَا نُوْرَ کُلِّ نُوْرٍ یَا نُوْرًا لَیْسَ مِثْلُہٗ نُوْرٌ یَا مُقَدِّرَ النُّوْرِ یَا نُوْرًا قَبْلَ کُلِّ نُوْرٍ یَا نُوْرًا بَعْدَ کُلِّ نُوْرٍ یَا نُوْرًا فِی النُّوْرِ سُبْحٰنَكَ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ یَا مُجِیْرُ یَا مُجِیْرُ۔

(۲۸۵) دردِ سر سورہ اخلاص گیارہ بار پڑھ کر دم کرے درد جاتا رہے گا۔

(۲۸۶) دیگر دردِ سر کیلئے مفید و مجرب سورہ ناس سات بار پڑھ کر دم کرے

اور مریض سے پوچھے کہ درد کہاں ہے اگر باقی ہو تو پھر سات مرتبہ دم کرے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے درد زائل ہوگا اگرچہ معاذ اللہ شقیقہ ہی کیوں نہ ہو ٹھیک ہو جائے گا۔

(۲۸۷) **درد سر کا عجیب عمل** درد کی جگہ انگشت شہادت سے تین بار لِیُعَذِّبَهُمْ لکھے اور پوچھے اگر درد باقی ہو تو دوبارہ سہ بارہ لکھے اگر درد ایک جگہ سے دوسری جگہ چلا جائے تو وہاں لکھے چند بار میں ٹھیک ہو جائے گا۔

(۲۸۸) **درد کا بہترین عمل** درد سر پیدا شد آب خواست آب نیافت نخشک رفت بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ تین بار پڑھکر مریض پر دم کرے اس کے بعد سورہ تکاثر بھی دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

(۲۸۹) **درد سر کے مجرب تعویذات** ان تینوں نقوش کو لکھکر مریض سر پر باندھے بفضلہ تعالیٰ ہر قسم کے درد کے لئے نافع ہے اور بارہا مریض صحتیاب ہوئے ہیں۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ
الٰہی درد سر و درد نیم سر زود دفع
شود
م م م م م م م

۷۸۶

ھواللہ	ھواللہ
ھواللہ	ھواللہ

وصلی اللہ علی خیر خلقہ سیدنا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین وبارک وسلم

۷۸۶

۸	۸	۸	۸
۸	۸	۸	۸
۸	۸	۸	۸
۸	۸	۸	۸

(۲۹۰) **درد کہنہ و لاعلاج مجرب عمل** مریض موضع درد کو اپنے ہاتھ سے پکڑے اور عامل قل اعوذ برب الناس ناس ناس ناس پڑھے اور چھری پر دم کرکے زمین پر خط کھینچے پھر مریض سے پوچھے کہ درد کہاں ہے مریض ہاتھ اٹھا کر ملاحظہ کرے اگر درد دوسری جگہ سرک گیا ہو اس جگہ پکڑے عامل اس کے بعد کی آیت یوں پڑھے ملک الناس ناس ناس اور

چھری سے اسی طرح کرے اور مریض سے پوچھے اگر پہلی مرتبہ میں درد اپنی جگہ سے نہ ہٹا ہوگا۔ دوسری مرتبہ میں ضرور ہٹے گا چند مرتبہ یہی کرے۔ کبھی پہلی ہی مرتبہ میں زائل ہوجاتا اور کبھی پوری سورت اسی طرح پڑھنی پڑتی ہے مگر چھ بار سے زیادہ ضرورت نہیں ہوتی ضرور درد اچھا ہوجاتا ہے جس کا درد بہت پرانا ہو اور ڈاکٹروں نے جواب دے دیا ہو یعنی لاعلاج ہو۔ خدا کے فضل سے مجرب ہے۔

جنون

(۲۹۱) **جنون** یہ نقش لکھکر گلے میں باندھے مستخرجہ حضور سیدنا سرکار اعلیٰ حضرت عظیم البرکت قدس سرہ العزیز

۳۴۹۳	۳۵۰۷	۳۵۰۴	۳۵۰۱
۳۵۰۵	۳۵۰۰	۳۴۹۴	۳۵۰۶
۳۴۹۹	۳۵۰۲	۳۵۰۹	۳۴۹۵
۳۵۰۸	۳۴۹۶	۳۴۹۸	۳۵۰۳

(۲۹۲) **جنون کا مجرب تعویذ**

۷۸۶

موسیٰ الرضا بن الامام علی	حصنی لا الٰہ الا اللہ	علیہ وسلم صلی اللہ تعالیٰ	عنہم رضواللہ تعالیٰ
جبرئیل قال حدثنی	بن ابی طالب عن ابیہ علی	موسیٰ الکاظم حدثنی ابی	رب العزۃ سمعت یقول قال
الحسین عن ابیہ	حبیبی قال حدثنی	ومن دخل حصنی امن من عذابی	الصادق جعفر عن ابیہ
دخل حصنی فمن قالہا	محمد الباقر عن ابیہ	زین العابدین عن ابیہ	رسول اللہ وقرۃ عینی

فالج ولقوہ

(۲۹۳) **لقوہ وفالج** ۔ سورۂ زلزال لوہے کے برتن پر لکھ کر دھو کر پلائی جائے۔ **دیگر ترکیب** ۔ سورۂ زلزلت لوہے کے برتن میں لکھکر دیں کہ مریض اس کو دیکھے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔

(۲۹۴) **حفاظت از فالج ولقوہ نیز زخم چشم ومکر وشر دشمناں وموذیات ودرد دل سے محفوظ رہے گا** ۔ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (الی قولہ) الْمُحْسِنِیْنَ ۝ اس آیت کریمہ کو سونے کے وقت پڑھے۔ لقوہ وفالج سے محفوظ رہے گا اور جو شخص زعفران وگلاب سے لکھ کر اپنے پاس رکھے چشم کے زخم ومکر وشر دشمناں اور سانپ بچھو اور مرض درد دل سے محفوظ رہے گا۔

طاعون اور وبا

(۲۹۵) **دفع طاعون اور ہیضہ وبخار** یہ تعویذ اس طرح لکھا جائے اور اس کا باندھنا محافظ طاعون ہے اور ہر ایک تعویذ کے ساتھ شیرینی پر فاتحہ مولوی شکر اللہ صاحب ومولوی سکندر علی صاحب کی دلا کر باندھے۔

انا اعطینک الکوثر
فصل لربک وانحر
ان شانئک ھو الابتر

(۲۹۶) **دفع وبا** ۔

یا لطیف لم یزل ؛ الطف بنا فیما نزل
انت قوی بخنا ؛ عن قھرک یوم الخلل
لی خمسة اطفی بھا ؛ حر الوباء الحاطمه

المصطفیٰ والمرتضیٰ ؛ وابناهما والفاطمۃ

لکھ کر مکان میں آویزاں کیا جائے اور گلے میں پہنا بھی جائے۔

(۲۹۷) چیچک۔ ۷۸۶ اے سیتلا ترا قاضی طیب پرسی ودعا گفتی۔ اگر لڑکا ہو تو داہنے کان میں تین مرتبہ پڑھکر دم کریں اور شیرینی حسب مقدور پر فاتحہ حضرت مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ اور حضرت پیران پیر دستگیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی دلا کر بچوں کو تقسیم کر دیں۔

(۲۹۸) چیچک جس وقت کہ بخار شروع ہوا اور چیچک کا شبہ ہو اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ چیچک سے محفوظ رہے گا اور اگر نکلے گی تو بہت آسانی سے اور صحت نصیب ہوگی۔ یہ نقش بغیر نقطہ کے لکھا جائے گا اور اعداد صرف چال بتانے کے لئے ہیں۔ ←

۷۸۶

الحمد لله ۱۰	رب العلمن ۵	الرحمن الرحم ۴	ملک یوم الدں ۱۵
اىاک ىعىد ۳	وااک ىسعىں ۱۶	اهدىا الصراط ۹	المسىعم ۶
صراط الدں ۱۳	العمب ۲	علىهم عىر المعصوب ۷	علىهم ۱۲
ولا الصالىں ۸	امىں ۱۱	ىسم الله ۱۴	الرحمن الرحم ۱

(۲۹۹) دیگر یہ نقش سورۂ فاتحہ مظہر و مضمر لکھ کر گلے میں باندھے خدا کے فضل سے چیچک نہ نکلے گی اور اگر نکل آئی ہو تو ایک گلے میں باندھے اور ایک نقش روزآنہ دھو کر پلائے آخر الامر صحت نصیب ہوگی۔ ←

۷۸۶ ۱۲۶۶

الحمد لله رب العلمین	الرحمن ۳۲۱	الرحیم ۲۸۹	مالک یوم الدین ۲۲۱
ایاک ۳۰	نعبد ۱۳۶	وایاک ۳۸	نستعین ۵۹۰
اهدنا الصراط ۳۶	المستقیم ۶۸۱	صراط الذین ۱۰۹۱	انعمت ۵۶۱
علیهم ۱۵۵	غیر المغضوب ۲۰۸۹	علیهم ولا الضالین ۱۱۱۴	آمین ۱۰۱

(۳۰۰) چیچک کا مجرب عمل۔ گڑ کے تین ٹکڑے لیکر گولی بنالیں ہر ایک پر یہ آیت تین تین بار پڑھکر دم کریں اور مریض کو تین دفعہ میں کھلا دیں انشاء اللہ تعالیٰ پہلے دن سے صحت ہوگی بسم اللہ الرحمن الرحیم عسی اللہ ان یجعل بینکم

وبین الذین عادیتم منھم مودۃ واللہ غفور رحیم۔

(۳۰۱) عطیہ از سید حسن رسول نما رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ یہ نقش پہلی محرم کو لکھا جائے اور گلے میں ڈالے اور کبھی نہ اتارے انشاءاللہ تعالیٰ چیچک سے محفوظ رہے گا اور ۵ ½ درم خرمہرہ بچوں کو پہنا دیں۔ ←

۷۸۶

۲۴۳	۲۴۱۶	۳۴۱۳	۲۰۴۰	۲۴۱۴
۲۴۹	۱۴۴	۲۴۱۵	۲۴۸	۲۴۱۱
۱۴۱۸	۲۴۵	۲۴۷	۲۴۱۷	۲۴۷
۴۱۲	لہ	♡	مہ	۷

(۳۰۲) دیگر یہ نقش لکھ کر پرانے پاک کپڑے میں لپیٹ کر بازو پر باندھے

۷۸۶ ھھھھ ۱۱ ✕ ۶۶۶۶۶۶۶

ھ و ص م

یہ نقش ہیضہ۔ اسہال قے وغیرہ میں بھی مفید ہے۔

امراض چشم

(۳۰۳) دعا برائے روشنی چشم آیۃ الکرسی ہر نماز کے بعد ایکبار پڑھی جائے اور نماز پنجگانہ کی پابندی کرے جن دنوں میں عورت کو نماز کا حکم نہیں ان میں بھی پانچوں نماز کے وقت آیت الکرسی اس نیت سے کہ اللہ کی تعریف ہے نہ اس نیت سے کہ کلام اللہ ہے پڑھ لے اور اس کلمہ پر پہونچے ولا یئودہ حفظھما دونوں ہاتھوں کی انگلیاں آنکھوں پر رکھ کر اس کلمہ کو گیارہ بار کہے پھر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیرے۔

(۳۰۴) دیگر عمل۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم نور نور نور نور نور۔ سپید چینی کی پلیٹ پر اسے اس طرح لکھیں کہ میم اور واو کے سر کھلے رہیں اور آب

زمزم شریف اور وہ نہ ملے تو آب بارش اور وہ نہ ملے تو آب جاری اور وہ بھی نہ ملے تو تازہ پانی سے دھوکر دو سو چھپن ۲۵۶ مرتبہ اس پر یا نور پڑھ کر دم کریں اول و آخر ۳۔۳ بار یہ درود شریف اَللّٰھُمَّ یَا نُوْرُ یَا نُوْرَ النُّوْرِ صَلِّ عَلٰی نُوْرِکَ الْمُنِیْرِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ یہ پانی آنکھوں میں لگائیں اور باقی پی لیں یہ اعمال ایسے قوی التاثیر ہیں کہ اگر صدق اعتقاد ہو تو انشاءاللہ گئی ہوئی آنکھیں واپس آجائیں۔

(۳.۵) روشنی چشم ۔ جس شخص کو ضعف بصر کی شکایت ہو وہ فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَاءَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ بعد نماز پڑھکر پوروں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیر لیا کرے۔

(۳.۶) روشنی چشم ۔ سرمہ دانی میں ایک عدد لونگ مع پھول کے ڈالدیں ایک ماہ کے بعد نکال کر دوسری لونگ بہ پھول ڈالیں اسی طرح ہر مہینے بدلتے رہیں اور وہی سرمہ روز لگائیں قوت بصر اتنی تیز ہوگی کہ چشمہ کی عادت چھوٹ جائے گی مجرب و آزمودہ ہے۔

(۳.۷) جملہ امراض چشم ۔ مستخرجہ اعلیٰ حضرت قدس سرہ یہ نقش لکھکر گلے میں باندھیں اور لکھکر گلاب سے دھوکر آنکھوں میں لگائیں اور تھوڑا سا پی لیں۔ صبح و شام پڑھکر دونوں پر دم کریں اور اپنی آنکھوں پر دم کرنا ہو تو شہادت کی انگلی پر دم کریں اور آنکھوں پر ملیں اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَاجْعَلْہُ الْوَارِثَ مِنِّیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ۔

نور بسم اللہ الرحمن الرحیم نور نور

فکشفنا	وغطاءک عنک	فبصرک	حدید الیوم
۳۹۳	۱۱۲	۵۳۲	۱۱۶۹
۱۱۱	۳۹۰	۱۱۷۲	۵۳۲
۱۱۷۱	۵۳۴	۱۱۰	شافی

(۳.۸) برائے حدت بصر ۔ اس نقش کو لکھکر پانی سے دھوکر آنکھوں میں لگائیں مجرب ہے ←

۷۸۶

یابصیر	یابصیر	یابصیر
یاسمیع	یاسمیع	یاسمیع
یاحم	یاحم	یاحم

(۳.۹) دیگر یا اھل یثرب لا مقام لکم فارجعوا اسی طرح جیسا کہ اس سے پہلے والے عمل میں گزرا ہے عمل کریں۔

(۳۱۰) عمل دفع حدت بصر و درد چشم کیلئے مجرب ہے۔ یہ دعا سات بار پڑھکر دم کریں۔ صحت ہوگی انشاء اللہ العزیز الصمد بسم اللہ الرحمن الرحیم فارجع البصر ھل تری من فطور ثم ارجع البصر کرتین ینقلب الیک البصر خاسئا وھو حسیر وان یکاد الذین کفروا لیزلقونک بابصارھم لما سمعوا الذکر ویقولون انہ لمجنون وما ھو الا ذکر للعلمین۔

دفع ہم وغم

(۳۱۱) دفع ہم وغم۔ سورہ یوسف شریف کی اس طرح تلاوت کرے کہ جہاں جہاں حضرت سیدنا یوسف علیہ السلام کا نام پاک آئے یا عزیز ۵۶ مرتبہ کہے بہت زیادہ موثر ہے۔

(۳۱۲) ہر غم و پریشانی فکر و تردد کے دفع کا عمل اور جمعیت خاطر نصیب ہونیکی دعا اس کے فوائد عجیبہ سے یہ ہے کہ اگر پہاڑ برابر یا دریا کی مثل مصیبت اس دعا کے پڑھنے والے پر ہو اور تردد و افکار پیش آئیں ہر گز اس کا دل اس کے اثر سے متاثر نہ ہوگا اور دل جمعی رہے گی۔ چاہئے کہ بعد نماز فرض بعد سلام داہنا ہاتھ سر پر رکھ کر ایک بار یہ دعا پڑھے اس کے بعد دوسرے اذکار و دعا میں مشغول ہو دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّیْ الْھَمَّ وَالْحُزْنَ ۔

(۳۱۳) ہر غم و مصیبت کے دور ہونے کا مجرب عمل۔ چاہئے کہ ان اشعار کو سو مرتبہ حضور قلب کے ساتھ پڑھے۔

وکم للہ من لطف خفی ؞ یرق خفاہ عن فہم الزکی

وکم یسر اتی من بعد عسر ؞ ففرج کربۃ القلب الشجی

وکم امر تساء بہ صباحا ؞ وتاتیک المسرۃ بالعشی

اذا ضاقت بک الاحوال یوما ؞ فثق بالواحد الفرد العلی

توسل بالنبی فکل عبد ؞ یغاث اذا توسل بالنبی

